# نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

## پریس ریلیز

**محکمہ زراعت پنجاب نے گرم موسمی حالات میں کپاس کی فصل کی بہتر دیکھ بھال کیلئے سفارشات جاری کر دیں۔**

لاہور: **09 مئی2026**: ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے کہا ہے کہ محکمہ موسمیات کی پیشن گوئی کے مطابق حالیہ گرمی کی لہر ماہ مئی کے دوران جاری رہے گی۔ان دنوں کے دوران دن رات کا درجہ حرارت معمول سے 4 تا6 ڈگری سینٹی گریڈ زیادہ رہے گا۔کاشتکارشدید گرم موسمی حالات میں فصلوں کی باقاعدہ نگرانی اور کھیتوں میں وقفہ سے ہلکی آبپاشی ترجیحاً شام یارات کے اوقات میں کریں۔کپاس کی بوائی سے پہلے زمین کوسب سوائلر یاچیزل کے ذریعے گہرا ہل چلانے کے بعد راؤنی کریں۔کپاس کی بوائی ترجیحاً شام کے وقت کریں۔کپاس کی پٹریوں پر کاشت کوترجیح دیں۔فصل کو پوٹاش، بوران، زنک اور سلفر کا اسپرے کریں پودوں کوضروری غذائی اجزاء کی فراہمی کو یقینی بنانے میں مدد کرتا ہے۔اس ضمن میں محکمہ زراعت پنجاب کے مقامی ماہرین کے مشورہ سے کپاس کے کاشتکار300 گرام پوٹاش،250 گرام بوران،250 گرام زنک،150 گرام کاپر اور150 گرام میگنیز پر مشتمل محلول فی ایکڑ سپرے کریں۔کاشتکارجڑی بوٹیوں کی بروقت تلفی اور کیڑوں کے قدرتی کنٹرول کے طریقے سے بھی گرمی کے دباؤ کی وجہ سے فصل میں پیچیدگیوں کے خطرات میں کمی لاسکتے ہیں۔ترجمان نے مزید کہا کہ پھول اور پھل کے کیرا کی صورت میں نشوونما کو تیز کرنے والے مرکبات (بائیوسٹمولینٹ/امائینوایسڈ) محکمہ زراعت پنجاب کے مقامی ماہرین کے مشورہ سے سپرے کریں۔

☆☆☆☆